سوال

کیا موت کے فرشتہ کا نام عزرائیل صحیح ہے؟ (فتاویٰ الامارات: 111)

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے کسی صحیح حدیث میں یہ نہیں آیا کہ ملک الموت کا نام عزرائیل ہے۔[1]

---

[1]۔ یہ بات درست ہے کہ موت کے فرشتے کا نام عزرائیل قرآن وسنت سے کہیں ثابت نہیں ہے۔ بعض سلف نے اس کا یہ نام ذکر کیا ہے لیکن اس کا کوئی ثبوت نہیں ہے۔ لہذا ملک الموت کا عزرائیل نام درست نہیں اور موت کے فرشتے کو ملک الموت کہنا چاہیے۔ (راشد)

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتاویٰ البانیہ

عذاب قبر صفحہ: 151

محدث فتویٰ